بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

منقبت

سُلطان المشائخ، محبوبِ الٰہی، حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کیسے ہو بیاں رُتبۂ محبوبِ الٰہیؒ
ہے رحمتِ حق، جلوۂ محبوبِ الٰہیؒ

وہ سنّتِ سرکارِ دوعالمؐ کے امیں ہیں
ہر اک پہ کرم شیوۂ محبوبِ الٰہیؒ

ہے رحمتِ باری کہ ہے دن رات یہ جاری
پیاسوں کے لئے چشمۂ محبوبِ الٰہیؒ

ہے چشمِ کرم خواجۂ اجمیرؒ کی ان پر
ہے قصرِ غنا، حجلۂ محبوبِ الٰہیؒ

شیرینیٔ گفتار ملی گنجِ شکرؒ سے
ان کی ہی عطا خرقۂ محبوبِ الٰہیؒ

وہ خُسروِؒ بے تاب کہ ہے عشق کا مہتاب
مہتاب ہے یہ ہالۂ محبوبِ الٰہیؒ

بھٹکے گا کہاں قافلۂ راہِ طریقت
ضو بار ہے جب روضۂ محبوبِ الٰہیؒ

اک لفظ میں بس ان کا ہے پیغام: محبت
اخلاص و وفا نعرۂ محبوبِ الٰہیؒ

مقصود کے موتی اِسی رستے میں ملیں گے
ہے منزلِ جاں، جادۂ محبوبِ الٰہیؒ

کیا عجز و رواداری کی خوشبو ہے ہر اک سُو
ہے امن و سکوں گوشۂ محبوبِ الٰہیؒ

ہر گاؤں میں ہر بستی میں اس نام کی دھومیں
ہر شہر میں ہے شہرۂ محبوبِ الٰہیؒ

ہر جور و ستم، ظلم و شقاوت کے مقابل
ہے عفو و کرم، بدلۂ محبوبِ الٰہیؒ

یہ پھول ہیں یا باتیں ہیں فردوس دہن کی
خوشبو ہے کہ ہے لہجۂ محبوبِ الٰہیؒ

کیا اس کو ستائے گی بھلا دھوپ جہاں کی
جس سر پہ رہے سایۂ محبوبِ الٰہیؒ

سیّد حامدؔ یزدانی

۱۷۔ربیع الثانی ۱۴۳۷ھ
ٹورنٹو